صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 16 دسمبر 2003ء بمطابق 21 شوال 1424 ہجری صبح دس بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، اکرام اللہ شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

قُلۡ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحۡيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ O لَا شَرِيكَ لَهُۥ ۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرۡتُ وَأَنَا۠ أَوَّلُ ٱلۡمُسۡلِمِينَ O قُلۡ أَغَيۡرَ ٱللَّهِ أَبۡغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيۡءٍ ۚ وَلَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ إِلَّا عَلَيۡهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزۡرَ أُخۡرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرۡجِعُكُمۡ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمۡ فِيهِ تَخۡتَلِفُونَ O وَهُوَ ٱلَّذِي جَعَلَكُمۡ خَلَـٰٓئِفَ ٱلۡأَرۡضِ وَرَفَعَ بَعۡضَكُمۡ فَوۡقَ بَعۡضٍ دَرَجَـٰتٍ لِّيَبۡلُوَكُمۡ فِي مَآ ءَاتَىٰكُمۡ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ ٱلۡعِقَابِ وَإِنَّهُۥ لَغَفُورٌ رَّحِيمُۢ۔

(ترجمہ): کہو کیا میں خدا کے سوا اور پروردگار تلاش کروں اور وہی تو ہر چیز کا مالک ہے اور جو کوئی (برا) کام کرتا ہے تو اس کا ضرر اسی کو ہوتا ہے اور کوئی شخص کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر تم سب کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کا جانا ہے تو جن جن باتوں میں تم اختلاف کیا کرتے تھے وہ تم کو بتائے گا اور وہی تو ہے جس نے زمین میں تم کو اپنا نائب بنایا اور ایک کے دوسرے پر درجے بلند کئے تا کہ جو کچھ اس نے تمہیں بخشا ہے اس میں تمہاری آزمائش ہے بے شک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے اور بے شک وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے۔ وآخِرُ الدَّعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب شاد محمد خان: جناب! زما یو پوائنټ آف آرډر دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب شاد محمد خان۔

آوازیں: پہ غلط سیټ باندې ناست دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو پہ غلط سیټ باندې یئی (قہقہے) جی محترم جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: د مفتی ابرار صاحب ایم این اے، والد وفات شوې دے، زۀ وائیمه چې دا هاؤس خبر کړو کہ څوک جنازے ته تلل غواړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: او دعا هم ورته اوکړو۔ دعا اوکړئ جی، مولانا امان اللہ حقانی صاحب۔ ان کے حق میں دعا فرمائیں جی۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب جمشید خان: پوائنٹ آف آرڈر جناب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دے ایجنډے طرف ته به راشو، تاسو به روستو اوکړئ۔

جناب جمشید خان: یو منټ، جی یو منټ غواړمه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب جمشید خان صاحب جی۔

جناب جمشید خان: جناب والا، زمونږه د هاسټل پوزیشن خو تاسو ته هسې هم معلوم دے، اوس د ټیلفون سسټم One way دے، زمونږه د ډیرو ورخونه کلو سره رابطه نه کیږی او دا ډیره د افسوس خبره ده چې هلته ایم پی ایز حضرات ټول اوسی د لرو لرو ځایونو او د کلو سره ئے رابطه نه وی نو ډیره ګرانه به وی او سسټم هسې هم خراب دے۔ دوه لائنونه دی یا یو لائن دے، هغه هم ختم شوې دے۔ اوس One way دے۔ کہ تاسو پہ دې باندې غور اوکړئ نو ډیره مهربانی بہ وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک ده جی۔ سوال نمبر۔۔۔۔

مولانا عبدالرحمان: جی دوئ بالکل صحیح اووئیل۔ میں اس کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تهیک د ه، د دې بندوبست زۀ کومه جي۔
جناب عبدالرحمان: ایک سال سے ہم سپیکر صاحب سے کہہ رہے ہیں لیکن ابھی تک اس پر کوئی عمل نہیں ہوا ہے۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے خیال میں یہ شکایت تو نہیں تھی، یہ تو ابھی پیدا ہوئی ہے چونکہ وہ بل جمع نہیں کیا گیا ہے۔ سوال نمبر 372 جناب سعید گل صاحب۔ محترم جناب سعید گل صاحب۔ نشته دے؟ (Absent) سوال نمبر 600 جناب عتیق الرحمان صاحب۔ محترم جناب عتیق الرحمان صاحب سوال نمبر 600۔

* 600 _ جناب عتیق الرحمان: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہنگو میں ضلعی حکومت نے یونین کونسلوں میں سینکڑوں ہینڈ پمپس نصب کئے ہیں؛
(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہینڈ پمپس ناکارہ اور خراب پڑے ہیں؛
(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ضلع ہنگو میں کل کتنے ہینڈ پمپس لگائے گئے ہیں؟ مقام و کل لاگت کی تفصیل فراہم کی جائے۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات ودیہی ترقی): (الف) ضلعی حکومت ہنگو نے سال 2003-2002 میں خوشحال پاکستان پروگرام فیز 111 و ضلعی ADP اور ترقیاتی پروگرام کے تحت TMA/PWD سے مختلف یونین کونسلوں میں ہینڈ پمپس نصب کئے ہیں۔
(ب) نہیں۔ تکمیل کے بعد متعلقہ ناظمین، کونسلر صاحبان کو تسلی بخش حالت میں حوالے کئے گئے۔
(ج) کل تعداد 145
کل مالیت 5.455 ملین
تفصیل:

درسمند۔17	دوآبہ۔23	ولن۔10

ٹل۔4	کربوغہ۔17	تورہ وڑی۔3
زیاب۔7	کاہی۔2	گنجانو کلے۔11
خان باڑی۔12	کچ۔10	رئیسان۔10
توغ سرائے۔5	ضلع ہنگو۔22	

جناب عتیق الرحمان صاحب، ایم پی اے PF-42 ہنگو میں کل 61 ہینڈ پمپس لگائے گئے۔ جن پر -/19,05,623روپے خرچ کئے گئے۔

جناب عتیق الرحمان: جناب! زهٔ د دې جواب نه بالکل مطمئن نه یم په دې وجه باندې نه یم مطمئن چې دا کومے هینډ پمپے دی، دا بالکل ناکاره پرتے دی او هیڅ فائده ترینه خلقو ته نشته دے او دوئ لیکلی دی چې دا د خوشحال پاکستان پروګرام لاندې شوې دی۔ دا د خوشحال پاکستان پروګرام لاندې نه دی شوې، این جی او والا کړی دی۔ سرحد رورل ډیویلپمنټ والا کړی دی او یونیسف والا کړی دی او لاګت پرے دومره لګیدلے دے، په دیکښې د انکوائری کمیټی مقرره شی او دا اوکتلے شی چې یره حقیقت سره چې کومے 5.45 ملین روپئ-----

جناب ڈپٹی سپیکر: چون لاکه روپئ دی، ساړهے چون لاکه روپئ دی۔

جناب عتیق الرحمان: او ورسره په PF-42 کښې دا انیس لاکه، پانچ هزار، چه سو تیئس روپے دا دی۔ دا ډیر غټ Amount دے جی، لس روپئ نه دی، پنځلس نه دی، زرګاؤ کښې نه لکھونو کښې دی نو پکار ده چې د دې د پاره د انکوائری کمیټی مقرره شی او اودکتلے شی چې آیا دا هینډ پمپے شته او که نشته دے؟ دا خو هسې ناظمینو اغستې دی او ټهیکے ئے پرے کړی دی۔ مهربانی۔

جناب امیر زادہ: جناب سپیکر! فاضل ممبر وائی چې دا یونیسف والا کړی دی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب امیر زادہ خان صاحب۔

جناب امیر زادہ: چې یونیسف والا کړی دی نو بیا ئے حکومت انکوائری څنګه کوی؟ صوبائی حکومت سره دا اختیار شته دے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: په دې باندې به وضاحت حکومت اوکړی۔ محترم جناب سردار ادریس صاحب، وزیر بلدیات۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: جناب سپیکر! ہینڈ پمپس کے سلسلے میں ہم نے جو معلومات وہاں پہ کیں ہیں اور میری خود بھی ان سے بات ہوئی ہے، انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ ٹھیک حالت میں یونین کونسل کے ناظمین اور کونسلرز حضرات کے حوالے کئے ہیں۔ جہاں تک ان کا یہ کہنے کا تعلق ہے کہ یہ خوشحال پاکستان پروگرام کے تحت نہیں ہوئے ہیں تو اس سلسلے میں وہ دوبارہ میرے پاس آجائیں، میں دوبارہ Re-confirm کر کے، اگر یہاں پر یہ ہینڈ پمپس اتنی بڑی تعداد میں خراب ہیں اور یہ خوشحال پاکستان پروگرام کے تحت کئے گئے ہیں تو یقیناً یہ ہماری Public money کا ضیاع ہے اور جو بھی اس کا Responsible ہوگا انشاءاللہ اس کے خلاف ہم کارروائی کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک دہ جی۔

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب پیر محمد خان صاحب۔

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! انہوں نے لکھا ہے کہ "جناب عتیق الرحمان صاحب کے حلقہ PF-42 ہنگو میں کل 61 ہینڈ پمپس لگائے گئے ہیں"۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ہاں، انیس لاکھ مالیت کے۔

جناب پیر محمد خان: جس پر انیس لاکھ روپے خرچ ہوگئے ہیں تو ایک ہینڈ پمپ پر کتنا خرچہ آیا ہوگا؟

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو ډیر زیاتے راځي۔

جناب پیر محمد خان: اس کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے بہت زیادہ خرچہ کیا ہے۔ اس لئے عتیق الرحمان صاحب کا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر صاحب به ئے حساب کتاب اولګوی کنه۔ 145 ټیوب ویلے دی (قہقہے) او چون لاکھ روپئ دی۔

جناب پیر محمد خان: اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے کیونکہ اس میں بہت زیادہ پیسے لگے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا تھیک دہ، دلتہ کبنہي ئے لیکلی دی کنہ۔

جناب عبدالاکبر خان: پانچ لاکھ، چالیس هزار به وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہ جی، پانچ لاکھ، چالیس هزار نہ دی، چون لاکھ دی، 5.4 ملین دی۔

جناب پیر محمد خان: چون لاکھ دی او انیس لاکھ دا نورے دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی او انیس لاکھ اور ہیں۔ تو ان کی طرف سے یہ ہے کہ دوبارہ کریں گے، پھر آپ کے ساتھ Discuss کریں گے تو کیا خیال ہے آپ کا؟

جناب عتیق الرحمان: میں نے جی کنفرم کیا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ یہ خوشحال پاکستان پروگرام کے تحت ہوا ہے، میری عرض یہ ہے کہ خوشحال پاکستان کے تحت بہت کم ہوئے ہیں، یہ سرحد رورل ڈیویلپمنٹ کے تحت ہوئے ہیں اور N.G.Os کے تحت ہوئے ہیں۔ میں ان کی بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ یہ خوشحال پاکستان کے تحت ہوئے ہیں۔ میں بلدیات کے منسٹر صاحب سے یہ Request کرتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے یا اس پر کمیٹی بنائی جائے اور اس کا پتہ چلایا جائے کہ ہاں یہ ہے یا نہیں ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، سردار ادریس صاحب۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اگر اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کر دیں لیکن یہ میرے دفتر میں آجائیں ان کو ہم بلائیں گے، T.M.A کو بھی، Concerned staff کو بھی بلائیں گے اور SRSP کو بھی بلائیں گے اور جو Facts and figures ہیں، وہ ہمارے سامنے آجائیں گے اگر آپ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کرنا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! منسٹر صاحب نے بھی کہا ہے کہ اسے کمیٹی کے حوالے کر دیں تو اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے تو It is the desire of the House that the matter may be referred to the concerned standing committee.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The question is referred to the concerned standing committee.

سوال نمبر 613 جناب نثار صفدر خان صاحب، محترم جناب نثار صفدر صاحب۔

* 613 _ جناب نثار صفدر خان: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جونیجو دور حکومت میں پانچ مرلہ ہاؤسنگ سکیم شروع کی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں بھی یہ سکیم شروع کی گئی تھی؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

1۔ ضلع ایبٹ آباد میں مذکورہ سکیم کے لئے کہاں کہاں کتنی زمین حاصل کی گئی تھی؛

2۔ آیا یہ زمین اب بیکار پڑی ہے اور اس پر خرچہ بھی ہوا ہے اس کی تفصیل فراہم کریں؛

3۔ آیا گورنمنٹ مذکورہ زمین غریب لوگوں میں تقسیم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو بانڈہ عطائی خان کے قریب جو زمین ہے اس میں ٹیکنکل کالج قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

(1) 7 مرلہ سکیم لنگرہ حویلیاں میں 2-148 کنال زمین حاصل کی گئی تھی بذریعہ ایوارڈ نمبر 48/Acq مورخہ 12-10-1988 اور 28 جون 2000 کو ہزارہ یونیورسٹی کے حوالے کر دی گئی۔

(2) زمین جو حاصل کی گئی تھی اس میں زمین کا خرچہ 1738259/60

ڈیویلپمنٹ کا خرچہ 1326485

3064744/-

(3) 7 مرلہ سکیم بانڈہ عطائی خان میں 217 کنال 19 مرلہ زمین تقسیم کی گئی تھی بذریعہ ایوارڈ نمبری 1842/45 مورخہ 18-11-1989 زمین حاصل کرنے کے بعد اس کا انتقال صوبائی حکومت کے نام درج ہوا اور مورخہ 27-04-1992 تصدیق ہوا بحوالہ نمبر 1 2556 اور اب یہ انتقال پرائم منسٹر ہاؤسنگ سکیم اسلام آباد کے نام منتقل ہو چکا ہے۔ انتقال نمبر 3268 مورخہ 15-07-1999 اور محکمہ مال کے کاغذات میں قبضہ HDA کے نام پر ہے۔ زمین حاصل کرنے کے بعد کچھ سابقہ زمین مالکان نے عدالت

سے رجوع کیا کہ ایوارڈ میں قیمت کم لگائی گئی ہے اور رقم میں فی کنال اضافہ کیا جائے۔ ایوارڈ میں جو قیمت لگائی گئی تھی وہ نمبر 1 میرا 5009/60 فی کنال، نمبر 2 رکھڑ 969/60 فی کنال، نمبر 3 غیر مزروعا 161-60 فی کنال ہے۔ عدالت نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے تمام قسم پر 3000/- روپے فی کنال اضافی رقم کا حکم سنا دیا۔ اس فیصلے کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل کی گئی تھی اور ہائی کورٹ میں اپیل خارج کر دی اور اس کے بعد سپریم کورٹ میں اپیل داخل کی گئی اور اب تک کیس سپریم کرٹ میں ہے۔ اگر سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا تو حکومت کو مزید 450,000 لاکھ مزید دینے پڑیں گے۔ زمین جو حاصل کی گئی تھی اس پر زمین کا خرچہ:

	999,066/54
ڈیولپمنٹ کا خرچہ:	924,799/00
ٹوٹل:	1,923,865/54

اس سکیم پر جو پلاٹ بنائے گئے تھے ابھی تک تقسیم نہیں ہوئے۔

جناب نثار صفدر حان: سوال کے جز "ج" کی، یہ جز نمبر ایک ہے جی، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ 148 کنال جو زمین ہزارہ یونیورسٹی کے حوالے کی گئی ہے، اس سے پہلے بھی تقریباً بارہ سو کنال زمین ہزارہ یونیورسٹی کے پاس تھی، جو حویلیاں شہر کے بالکل نزدیک ایک پورے گاؤں کو انہوں نے خالی کرا کر وہ زمین Acquire کی تھی۔ میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس زمین پر وہاں یہ یونیورسٹی کب تک تعمیر کریں گے، کب سے کلاسوں کا اجراء ہوگا اور یہ کب سے شروع ہونگی؟ اس میں تیسرا جز ہے جی جس میں میں نے گزارش کی تھی کہ آیا گورنمنٹ مذکورہ زمین غریب لوگوں میں تقسیم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو وہاں پر بانڈہ عطائی خان کے قریب جو زمین ہے، اس میں کوئی ٹیکنکل کالج قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو اس کا انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا ہے۔ میں منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب سردار ادریس صاحب۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! اگر اجازت ہو تو۔

جناب مشتاق احمد غنی: سپلیمنٹری سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: اس کے ساتھ ہی ایک-----

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ اس سےRelatedہے؟سپلیمنٹری ہے جی؟

جناب انور کمال خان: یہRelatedہے۔اسی پانچ مرلہ کے حوالے سے، ضلع لکی مروت کے حوالے سے بھی ایک سوال میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ضلع لکی میں بھی یہ پانچ مرلہ-----

جناب ڈپٹی سپیکر: انور کمال خان! دا خو یو بل سوال دے کنه، د لکی مروت دے هغه یو بل-----

جناب انور کمال خان: نه جی مونږ خو د یو صوبے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: جواب به هم ورکوی کنه۔

جناب انور کمال خان: دوئی خو یو اصولی سوال دا ترے نه تپوس کړے دے چې د جونیجو صاحب په دور کښې پانچ مرله سکیم چې کوم رائج شوے وو، په هغې ځایونو کښې زمکے اغستلے شوې دی خو هغه Utilize شوې نه دی او په بعضے ځائیونو کښې په هغې باندې د پینځو پینځو مرلو کورونه جوړ شوې دی او هغه کورونه چې کوم دی، هم دغه شان پراته دی وو-----

جناب ڈپٹی سپیکر: هم دغه شان پرته دی، لا Utilize شوې نه دی؟

جناب انور کمال خان: او صاحبه، د دې متعلق، متعلقه وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ تقریباً-----

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار ادریس صاحب! آپ ذرا اس کو نوٹ کرلیں۔ایک منٹ، مشتاق صاحب! آپ تشریف رکھیں۔آپ نوٹ کرلیں اور پھر بعد میں آپ جواب دیں گے۔

جناب انور کمال خان: 1985 سے وہ مکانات ایسے ہی پڑے ہیں تو کیا حکومت ان کو استعمال میں لانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مشتاق احمد غنی صاحب، محترم جناب مشتاق غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب! اس میں میری صرف اتنی گزارش ہے کہ یہ جو سات مرلہ سکیم لنگرہ حویلیاں ایریا میں جس کے لئے 148 کنال اور 2 مرلے زمین حاصل کی گئی تھی تو اس وقت یہی بات تھی کہ

یہاں پر یونیورسٹی قائم کی جائے گی، آج تک ہمیں اس کا، جیسا کہ نثار صفدر صاحب نے کہا کہ وہاں کوئی یونیورسٹی تعمیر نہیں کی گئی اور میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ ایم ایم اے کی حکومت کا خاص نکتہ ہے تعلیم کے اوپر کہ تعلیم کو عام کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ Institutions develop کئے جائیں تو ہماری یہ گزارش ہے کہ اس کے اوپر غور کریں اور زمین موجود ہے، اس خرچہ سے حکومت بچ جائے گی۔ اور دوسرا جو انہوں نے دوسو سترہ (217) کنال کی بات کی، یہ پانچ مرلہ سکیم کے تحت حاصل کی گئی تھی اور میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ اس علاقے میں بے پناہ غریب لوگ رہتے ہیں، ایبٹ آباد اور حویلیاں میں اگر ان کے لئے پانچ مرلہ سکیم کے تحت گھر بنانے کے لئے دے دیئے جائیں، صوبائی حکومت مرکز سے سفارش کرے تو ان لوگوں کا بہت بڑا کام ہو جائے گا اور اگر یہ ممکن نہیں ہے تو ٹیکنکل کالج اس جگہ پر ہونا چاہیئے۔ اس سے اس علاقے کو بہت بڑا فائدہ پہنچ جائے گا۔

مولانا جہانگیر خان: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب جہانگیر خان صاحب۔

مولانا جہانگیر خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! یہ مسئلہ چترال میں بھی ہے لہذا وہاں اس پر عملدرآمد کر کے غریب عوام کو فائدہ پہنچایا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب سردار ادریس خان صاحب۔ مولانا نظام الدین صاحب، تاسو په وخت باندې اشاره کوئی نو بیا به، سردار صاحب هغه مولانا صاحب چې اوکړی نو، جی مفتی نظام الدین صاحب۔ محترم جناب مولانا مفتی نظام الدین صاحب۔

مولانا نظام الدین: جی خنګه چې دوئی سوال کړے دے داسې زمکه په سوات کښې هم اغستې شوې وه، زما په حلقه کښې ده او هغه تر اوسه چې د چا نه اغستې شوې ده، نو د هغې مالکانو په قبضه کښې ده۔ حکومت ترے نه لا خپله قبضه هم نه ده اغستې نو دے باره کښې یو اجتماعی، د صوبے د پاره۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو زما په خیال په هر ځائے کښې دا مسئله ده په مردان کښې هم داسې مسئله وه۔۔۔۔

مولانا نظام الدین: یو پالیسی د جوړه کړے شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو اجتماعی فیصله پرے پکار ده۔

جناب جمشید خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب جمشید خان صاحب۔

جناب جمشید خان: دا سات مرله زمونږه په حلقه کښې هم جی د دنیا زمکه پرته ده، شاړه پرته ده چې حکومت ئے څه پروګرام جوړ کړی چې یا ئے چا ته په لیز باندې ورکړی څه آمدن خو به ترے راځی۔ یا ئے د ایریګیشن څه طریقه جوړه کړی یا پکښې، ما ایګریکلچر منسټر ته درخواست دے چې په دغه کښې د ریسرچ سټیشن جوړ کړی، ډیره زیاتے زمکه ده او بالکل شاړه پرته ده۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! ان کا یہ سوال بھی بڑا اہم ہے۔ یہ ایبٹ آباد کا نہیں بلکہ پورے صوبہ سرحد کا سوال ہے کیونکہ ہر ضلع میں زمین لی گئی ہے یا وہاں کوارٹرز بنے ہیں اور ان کوارٹروں کے دروازے لوگ گھروں کو لے کر جا رہے ہیں وہ زمین غیر آباد پڑی ہوئی ہے۔ میری یہ Request ہے کہ اس کے لئے کمیٹی بنائی جائے کیونکہ گورنمنٹ نے 1985 سے اس پر پیسہ لگایا ہوا ہے اور نہ وہ غریبوں میں تقسیم ہوئے ہیں اور وہ زمین بھی وہاں پڑی ہوئی ہے۔ حقیقت میں یہ بہت اہم سوال ہے اور ہر ضلع کا اس کے ساتھ Concern ہے۔ میں یہ Request کرتا ہوں کہ اس کے لئے ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے تاکہ یہ پلاٹس یا یہ زمین یا یہ کوارٹرز غریبوں میں تقسیم ہو جائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب مولانا امانت شاہ صاحب۔

جناب امانت شاہ: شکریه، جناب سپیکر۔ څنګه چې زمونږه معزز و اراکینو دا خبره اوکړله، په مردان کښې هم دوه درے ځلور ځایونه دا سې دی لکه شنکر کښې جی پنځویشت جریبه زمکه اغستے شوې ده۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: د کالج د پاره۔

جناب امانت شاہ: د کالج د پارہ، او هم دغه شان پرته ده۔ د دې نه علاوه زمونږه په طورو کښې پچیس جریبه زمکه د گراؤنډ د پاره اغستې شوې ده، هغه هم تر اوسه پورے خلقو په خپل دغه کښې اغستې ده او په هغې تر اوسه پورے څه عمل درآمد نه دے شوې نو څنګه چې-----

جناب ڈپٹی سپیکر: په محمد آباد کښې هم پانچ کنال زمکه-----

جناب امانت شاہ: په محمد آباد کښې هم د تهانے د پاره دغه شان ته اغستلې شوې ده، هغه هم په خپل ځائے باندې بحال پرته ده۔ نو څنګه چې دوئی خبره اوکړله چې سپیدل کمیټی یا چې کومه کمیټی د دې ده، هغې ته حواله شی نو ان شاء الله چې دا مسئله به حل شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب اختر نواز خان صاحب۔

جناب اختر نواز خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جونیجو دور میں میرے حلقہ PF-51 ہری پور میں کوٹ نجیب اللہ میں بھی پانچ مرلہ سکیم کے تحت مکانات بنائے گئے تھے۔اب میں منسٹر لوکل گورنمنٹ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ صوبائی حکومت نے فروخت کر دیئے ہیں،اس سلسلے میں ذرا وضاحت فرمائیں کہ پانچ مرلہ کی سکیم میں جو کوارٹرز بنائے گئے تھے، کوٹ نجیب اللہ میں، وہ فروخت کر دیئے گئے ہیں کیونکہ وہاں پر ایک شخص جس نے وہ خریدے ہیں، وہ اپنے طور پر آج کل لوگوں کو کرائے پر دے رہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سردار ادریس صاحب، جی منسٹر فار لوکل گورنمنٹ۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! یہ پانچ مرلہ سکیم کے سلسلے میں اور بالخصوص حویلیاں میں جو 148 کنال زمین یونیورسٹی کو دی گئی ہے، یہ ایک اہم مسئلہ نثار صفدر نے پیش کیا ہے۔اس کے بعد یہاں پر متعدد اراکین اسمبلی کی بھی آراء آئی ہیں۔ لوکل گورنمنٹ نے پانچ مرلہ سکیم کے تحت جو زمین حاصل کی تھی، اس سلسلے میں ایک پلان پر غور کر رہی ہے اور اس ضمن میں ہمارے چیف منسٹر کی ہدایات کی روشنی میں ہماری ایک ورکنگ ڈسکشن ہوئی ہے کہ ہم کس طرح سے ان غریب لوگوں کو جن کے پاس مکانات نہیں ہیں، جن کے پاس گھر نہیں ہیں، ان کو ہم کس طرح سے یہ جو پانچ مرلہ سکیم کے لئے زمین ہم نے مختلف شہروں میں حاصل کی تھی، اس کو ہم کسی طرح سے Effectively utilize کر سکتے ہیں اور کس طرح

سے غریبوں کو سستا گھر، جو ان کے لئے گھر کی پروویژن ہے، ہم کس طرح سے ان کو Ensure کر سکتے ہیں؟ تو اس سلسلے میں ہماری میٹنگز ہوئی ہیں۔ اس سلسلے میں Feasibility بن رہی ہے اور انشاءاللہ تعالیٰ وفاق سے بھی اس سلسلے میں رجوع کیا جائے گا کہ وہاں سے بھی امداد ملے تاکہ بے گھر لوگوں کو یہاں پر گھر ملیں۔ جہاں تک یونیورسٹی کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں زمین جس طرح کہ Question میں بھی ہے، حوالہ کر دی گئی ہے۔ اس ضمن میں اس کو Survive کرنے کے لئے انشاءاللہ تعالیٰ ضروری اقدامات کئے جائیں گے اور یہ چیف منسٹر صاحب کے نوٹس میں ہے اور چیف منسٹر صاحب اس سلسلے میں از خود Guidelines بھی تیار کروا رہے ہیں۔ جہاں تک ہری پور میں کوٹ نجیب اللہ کے بارے میں وہ کہہ رہے ہیں تو یہ فریش کوئسچن ہے وہ فریش کوئسچن لے کر آئیں تو اس سلسلے میں ہم دیکھیں گے کہ اگر وہاں پر واقعی کوئی اس طرح کا مرتکب پایا گیا تو اس کے خلاف Definitely سختی کے ساتھ نبٹا جائے گا اور ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you.

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! ضمنی سوال دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا خو جواب او شولو ضمنی سوال نو پرے بیا نہ کیږی۔

جناب پیر محمد خان: نہیں نہیں جواب غلط دیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب پیر محمد خان: جواب غلط دیا ہے اس میں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا جی، جناب پیر محمد خان صاحب۔

جناب پیر محمد خان: جو جوابات دیئے ہیں، یہ جز (ج) میں لکھا ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں مذکورہ سکیم کے لئے کہاں کہاں سے کتنی کتنی زمین حاصل کی گئی تھی، یہ پانچ مرلہ سکیم غرباء کے لئے تھی۔ یہ یہاں جواب میں لکھتے ہیں کہ سات مرلہ سکیم کے لئے لنگرہ حویلیاں میں 148 کنال زمین حاصل کی گئی تھی، 28 جون 2000 کو یونیورسٹی کے حوالے کر دی گئی۔ غرباء کی زمین یونیورسٹی کے حوالے کس قانون کے تحت کی گئی ہے؟ کیونکہ یہ تو غرباء کے لئے لی گئی تھی اور ان میں تقسیم کرنے کے لئے پانچ پانچ مرلہ، سات سات مرلہ غریب لوگوں میں مکانات کے لئے تقسیم کی جائے گی۔ اب یونیورسٹی کے لئے ان کی یہ ذمہ داری تھی کہ

علیٰحدہ زمین خرید لیتے۔اب غریبوں کی زمین انہوں نے یونیورسٹی کے حوالے کی ہے تو سوال بہت اہم ہے۔ نیچے وہ جو 1989 میں زمین خریدی گئی یہ 1989 سے 1999 تک وہ ویسے پینڈنگ پڑی رہی۔ کیوں تقسیم نہیں کی گئی؟اس لیے یہ سوال 613 بہت اہم ہے،اس کو سپیشل کمیٹی کے حوالے کی جائے۔اس کا تعلق پورے صوبے سے ہے ہر ضلع میں زمینیں خریدی گئی ہیں اور تاحال تقسیم نہیں کی گئی ہیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! ان کی بات کو میں تھوڑا سا بڑھاتا ہوں۔ جیسے میرے فاضل ممبر نے فرمایا یہ سات مرلہ سکیم لنگڑہ حویلیاں جو 148 کنال 2 مرلے تھی یہ واقعتاً 10 غریبوں کے لئے حاصل کی گئی تھی اور اسی جگہ 1300 کنال اراضی یونیورسٹی کی پہلے سے موجود تھی تو اس کو اس میں Add کر دیا گیا تو ہماری ریکویسٹ یہی ہے کہ اس زمین کو واپس واگزار کیا جائے اور جیسے بانڈہ عطائی خان میں بھی 217 کنال زمین Already موجود ہے اور اس سارے علاقے میں غربت انتہائی افسوسناک حد تک ہے اور They are shelter less ہیں سر۔ تو اگر ان کو یہ زمین دے دی جائے اپنے گھر بنانے کے لئے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ غریب لوگوں کے اوپر اس گورنمنٹ کا بہت بڑا احسان ہوگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب سردار ادریس صاحب۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: ایک بات تو یہ ہے کہ جس طرح انہوں نے کہا ہے کہ غریبوں کی حق تلفی ہوئی ہے تو ایسی کوئی بات نہیں ہے۔اس سلسلے میں کسی سے کوئی ایڈوانس نہیں لیا گیا تھا۔ گورنمنٹ نے خود یہ زمین Acquire کی تھی اور اس کے بعد Further گورنمنٹ کی ترجیحات تبدیل ہو گئیں اور انہوں نے وہ نہیں کیا لیکن اس سلسلے میں ہم اس پر غور کر رہے ہیں کہ اگر ہمیں مزید وہاں زمین چاہیئے تو یونیورسٹی کی زمین وہاں پر Utilize نہیں ہو رہی۔ حویلیاں میں چونکہ وہ دوسری جگہ آگے چلی گئی ہے تو اس سلسلے میں انشاءاللہ غور کریں گے اور اس سلسلے میں Seriously ہماری میٹنگز بھی ہو چکی ہیں۔لوکل گورنمنٹ میں اور ہم ان تمام وسائل کو بروئے کار لائیں گے کہ کس طرح سے غریبوں کو وہاں گھر مہیا کریں۔یہ ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس ذمہ داری سے آگاہ ہیں اور آپ کے Question raise کرنے سے پہلے اس پر ہماری بہت سی میٹنگز ہو چکی ہیں اور کراچی کی طرز پر، ہم نے کراچی کا وزٹ بھی کیا ہے اور وہاں پر ہم نے دیکھا کہ سستی بستی کی طرح وہاں پر جو تعمیرات ہوئی ہیں ان کے Experts بھی آئے تھے کہ کسی طرح سے ہم ان

کو بنائیں اور کس طرح سے Affordable کریں۔ کس طرح سے Sustainable گھر ان کو دیں تاکہ یہ غریب لوگ ان کی Payment بھی کر سکیں۔ اتنا زیادہ مہنگا نہ ہو کہ وہ سب امیر جس طرح میرے دوست نے ذکر کیا کہ وہاں پر ایک ہی آدمی وہ سارے گھر لے لے اور اس کے بعد وہ کرایہ پر چڑھادے ہم اس چیز کو Ensure کریں گے کہ وہاں پر کسی قسم کرپشن نہ ہو۔۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! میری گزارش صرف یہ ہے کہ جناب نے فرمایا کہ غریبوں کی حق تلفی نہیں ہے جی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق غنی: یہ تو غریبوں کی حق تلفی ہے کیونکہ اس وقت تو پورے ملک میں غریبوں کے لئے یہ سکیمیں شروع کی گئی تھیں اور اس Continuity میں ایبٹ آباد کے اندر بھی اس سکیم کا اعلان کیا گیا تھا اور لوگوں نے اس کو بہت زیادہ Welcome کیا تھا لیکن بعد میں حکومتیں بدلنے سے اور بعض حالات کی وجہ سے وہ سکیمیں وہیں پر ٹھپ ہو کر رہ گئیں۔ اب بہت اچھا موقع ہے کہ یہ بات فلور پر آگئی ہے اور منسٹر صاحب موجود ہیں تو پہلے تو اس زمین کو واگزار کیا جائے جو یونیورسٹی کے پاس ہے۔ گھر تو ہم بعد میں اس کے اوپر بنائیں گے تو اس کے لئے کوئی ٹھوس لائحہ عمل اختیار کیا جائے یا اس کو کمیٹی کے سپرد کر دیں تاکہ اس پورے معاملے کی جانچ پڑتال کی جائے اور ہم کسی حتمی نتیجے پر پہنچ سکیں اور اس علاقے میں بسنے والے غریب لوگوں کو ان کا حق دے سکیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ Next جی سوال نمبر 641 منجانب۔۔۔۔۔

جناب پیر محمد خان: جناب دا سوال ډیر اهم دے۔

جناب انور کمال خان: جناب یہ سوال بڑا اہم ہے۔ جواب آجائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جواب ان کی طرف سے آگیا ہے نا۔

جناب نثار صفدر خان: جناب! جیسا کہ مشتاق صاحب نے بتایا ہے اس کو سپیشل کمیٹی کے حوالے کر دیں یہ پورے صوبے کا مسئلہ ہے۔ یہ صرف ضلع ایبٹ آباد کا مسئلہ نہیں ہے آپ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب پیر محمد خان: اس کے لئے سپیشل کمیٹی چاہیئے تاکہ وہ پوری جانچ پڑتال کر کے رپورٹ پیش کرے۔

جناب زر گل خان: جناب دے لہ سپیشل کمیتی جوړه کړئ، دا د دې ټولے صوبے مسئلہ ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ده جی، سردار صاحب سره خبره کوؤ جی، سردار صاحب آپ کا اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ اس پر Already کام ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کام ہو رہا ہے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: اور اس سلسلے میں Legal points دیکھیں گے کہ ہم کس طرح سے واگزار کرا سکتے ہیں۔ اگر وہ زمین وہاں پر یونیورسٹی کے استعمال میں نہیں ہے۔

(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ ان کو موقع دے دیں نا۔

(قطع کلامیاں/شور)

جناب مشتاق احمد غنی: اس پر کوئی کام نہیں ہو رہا۔ یہ زمین ویسی کی ویسی پڑی ہے۔ سوال کیا گیا ہے اور ان کے محکمے نے جواب دے دیا ہے۔ اس پر کام On ground ثابت ہو جائے تو ہم یہاں موجود ہیں جی، میری اور ہم سب کی گزارش یہی ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ بات سامنے کھل کر آجائے گی اور اتنی بڑی زمین اتنے عرصے سے یہ حکومتی پیسے کا ضیاع ہوا ہے اور ہو رہا ہے۔ تو آج بات سامنے آگئی ہے کہ حق ان لوگوں کو مل جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب، تاسو څه وائے؟

میاں نثار گل: جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ 1985 کی بات ہے اور 2003 کو اسمبلی میں آئی ہے۔ اگر یہ سکیم شروع ہو گئی تو لوگ سردار ادریس صاحب کو دعائیں دیں گے کہ غریبوں کو انہوں نے گھر بھی دیئے ہیں۔ یہ ہمارے سامنے کہہ دیں کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ اگر یہ غیر آباد زمینیں آباد ہو

جائیں اور غیر آباد گھر آباد ہو جائیں، ہم تو ان سے ریکویسٹ کرتے ہیں تو 16 سال کے بعد یہ کریڈٹ سردار ادریس صاحب کو چلا جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: محترم جناب سپیکر صاحب! جب سب ممبران کی یہ خواہش ہے کہ یہ چیز کمیٹی کے حوالے کر دی جائے تو میں منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ ممبران جو بھی سوچتے ہیں وہ عوام کے لئے سوچتے ہیں اور صوبے کے لئے سوچتے ہیں تو منسٹر صاحب بھی فراخدلی سے اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: نہیں، جناب سپیکر، میں یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ آپ کس وجہ سے کمیٹی کے حوالے کر رہے ہیں؟ جب ہم کہہ رہے ہیں کہ اس پر Already work ہو رہا ہے اور ہم غریبوں کو مکانات کی فراہمی کے سلسلے میں Already بندوبست کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ہماری میٹنگز ہو چکی ہیں جب ہم Working اس پر کر رہے ہیں، میں جب یہ کہہ رہا ہوں کہ انشاءاللہ تعالیٰ غریبوں کو مکانات فراہم کرنا، یہ ہماری ذمہ داری ہے تو۔۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! ہم کہہ رہے ہیں کہ کوئی Working نہیں ہو رہی ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پیر محمد خان صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: یہ آنریبل منسٹر سے آپ کہہ دیجئے کہ فلاں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پیر محمد خان صاحب څه وائی؟

جناب مشتاق احمد غنی: اس حکومت کو اس جگہ کا ذرا بھی پتہ نہیں ہے، بہت پرانی یہ بات ہو گئی ہے۔ اس لئے گزارش ہے کہ اس کو کمیٹی کے سپرد کر دیں اور عزت دار لوگ اس میں جگہ کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پیر محمد خان صاحب کچھ فرما رہے ہیں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: میں یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ میرے دوست صرف ایبٹ آباد کی بات نہ کریں پورے صوبے کی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پورے صوبے کی بات ہے۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: صوبے کی بات کریں اور پورے صوبے میں لوگوں کو مکانات فراہم کرنے کے ہم بات کر رہے ہیں اور یہاں پر سارے اراکین اسمبلی نے بات کی ہے۔اس سلسلے میں ہماری میٹنگز ہو چکی ہیں، آپ اعتبار کیا کریں اپنے اوپر بھی کبھی کبھار۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ آپ ان پر اعتبار کر لیں۔Nextسوال نمبر 641 جناب محترم انجینئر محمد طارق خٹک، محمد طارق خٹک سوال نمبر 641۔

* 641 _ انجینئر محمد طارق خٹک: کیاوزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع نوشہرہ کو خوشحال پاکستان پروگرام کے تحت کتنی رقم 2003-2002 میں دی گئی تھی؛

(ب) آیا تمام یونین کونسلوں کو مساوی فنڈز فراہم کئے گئے ہیں؛

(ج) پی ایف۔12 میں کل کتنی یونین کونسلز ہیں۔

(د) پی ایف۔12 کی یونین کونسلوں۔ سپین خاک۔ جبہ خٹک اور ڈاک اسماعیل خیل کو کتنا فنڈز تفویض کیا گیا تھا؛

(ہ) یونین کونسلز سپین خاک۔ جبہ خٹک اور ڈاک اسماعیل خیل کو جتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا وہ فنڈ کس مد میں کیا گیا تھا اور آیا وہ مجوزہ Specification کے مطابق خرچ کیا گیا ہے؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: (الف) سال 03-2002 کے لئے خوشحال پاکستان پروگرام کے تحت کل allocation 61.201 ملین روپے دیئے گئے تھے۔

(ب) ہر یونین کونسل کو مساوی طور پر فنڈز فراہم نہیں کئے گئے تھے۔

(ج) پی ایف۔12 میں کل گیارہ یونین کونسلز ہیں۔

	SAP	KPP	DLF	کل رقم
ڈاک اسماعیل خیل	0.350 (M)	5.212 (M)	0.615 (M)	6.086 (M)
شاہ کوٹ (جبہ خٹک)		3.2685 (M)	2.750 (M)	6.0105 (M)
سپین خاک	0.0549 (M)	1.9008 (M)	1.7235 (M)	3.6792 (M)

(ہ) تمام فنڈز KPP, DLF, SAP میں دیئے گئے تھے جس کی تفصیل مندرجہ بالا ہے۔ اور متعلقہ محکموں کی رپورٹ کے مطابق مجوزہ فنڈز Specification کے مطابق خرچ کئے گئے ہیں۔

انجینئیر محمد طارق خٹک: جناب! زه د دې د جواب نه Satisfied يم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Satisfied ئے۔

انجینئیر محمد طارق خٹک: آؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو ویری مچ۔ سوال نمبر 642 جناب محمد امین خان صاحب، محمد امین صاحب۔

* 642 _ جناب محمد امین: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مینگورہ شہر کے اندر سبزی وفروٹ منڈی واقع ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سبزی منڈی گنجان آباد ورہائشی علاقہ میں واقع ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جواب اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ سبزی منڈی کو شہری علاقہ سے کب تک باہر منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات ودیہی ترقی): (الف) درست ہے۔

(ب) مذکورہ سبزی منڈی مینگورہ میں مدین روڈ پر تجارتی ورہائشی علاقہ میں واقع ہے۔

(ج) سابقہ میونسپل کمیٹی مینگورہ (تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن سوات) کافی عرصہ سے اس کوشش میں ہے کہ سبزی وفروٹ منڈی مناسب جگہ کو منتقل کی جائے اس ضمن میں بذریعہ اخبار خواہشمند مالکان سے اراضی اجارہ پر لینے کے لئے مشتہر کی گئی ہے۔ لیکن تاحال تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن سوات کو کامیابی نہیں ہوئی ہے۔ کوشش جاری ہیں اور جوں ہی شہری علاقہ سے باہر مناسب قطع اراضی مل جائے گی موجودہ سبزی وفروٹ منڈی کو فوراً وہاں منتقل کیا جائے گا۔

جناب محمد امین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آرڈر پلیز۔

جناب محمد امین: زه جی د دې سوال نه بالکل مطمئن نه يم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مطمئن نه ئے ؟

جناب محمد امین: او جی۔ دا چې کوم جواب نه مطمئن نه يم، هغه دا دے چې دا کوم تحصیل ایډمنسټریشن چې د وئی ت۔ کوم جواب را لیږلے دے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: آرڈر پلیز۔

جناب محمد امین: تحصیل ایڈمنسٹریشن چې دوئی ته کوم جواب رالیږلے دے نو هغه ئے دلته کښې را مخکښې کړے دے او محکمے په دیکښې دخپل طرف نه څه داسې Time frameیا څه داسې توجه نه ده ورکړے چې د دې مسئلے حل راؤځی۔ د تیر پندره بیس سال نه په مینګوره ښار کښې دننه په ګنجان آبادئی کښې د فروټ او سبزی منډئی ده چې د هغې په وجه باندې عوامو ته ډیر زیات تکلیف دے۔ اوس Devolutionخو په ټول پاکستان کښې شوې دے او د ملک په ټولو ضلعو کښې ضلعی او تحصیل حکومتونه جوړ شوې دی خو کوم اختیار چې مونږ په صوبه کښې تحصیل حکومتونو ته یا ضلعی حکومتونو ته حاصل دے او کومه بے چینی چې دلته کښې ده چې یره، دلته داسې خو هډو ښکاری نه چې صوبائی حکومت هم شته دے یا صوبائی حکومت۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو ضمنی سوال په کښې اوکړئی۔

جناب محمد امین: ضمنی می دا دے چې ما ته دے واضح ټائم فریم راکړی چې یره کوم وخته پورے به دوئی دا سبزی منډی د دې ښار نه۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بس ټھیک شوه جی۔ جناب سردار ادریس صاحب، منسټر فار لوکل ګورنمنټ۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! میں معزز رکن کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بڑے اہم سوال کی طرف توجہ دلائی ہے۔ میں ان سے گزارش کروں گا کہ اس ضمن میں وہ ٹی ایم اے کی وہاں پر مدد بھی کریں اور شہر سے باہر سبزی منڈی کو نکالنے کے سلسلے میں جس طرح انہوں نے کہا، ٹی ایم اے نے یہ جواب دیا ہے کہ ہمیں ابھی جگہ نہیں ملی ہے۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ بھی اس میں مدد کریں اور باہر اگر جگہ مل سکتی ہے تو ہمارا کوئی اعتراض نہیں ہے اور ان کے ساتھ میں خود بھی مینگورہ جانے کے لئے تیار ہوں اور جب بھی وہ جگہ بتائیں تو میں ان کو کہوں گا کہ اس پر Expedite کریں اور سبزی منڈی شہر سے باہر ہونی چاہیئے اس سے کسی کو کوئی اختلاف نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Next، سوال نمبر 644 جناب میاں نثار گل صاحب۔ جناب میاں نثار گل صاحب۔

* 644 _ میاں نثار گل: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کرک صابر آباد روڈ پر کام کرک ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے شروع کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ روڈ کا ٹینڈر کتنے کلومیٹر کا کیا گیا ہے۔ اور ان کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا ہے۔ نیز اس فنڈ کا Source بمع رقم بتایا جائے؛

(ii) مذکورہ روڈ کی ٹینڈر کی مالیت کی تفصیل اور فاضافی رقم کتنی فیصدی بڑھائی جاسکتی ہے؛

(iii) آیا مذکورہ روڈ پر کام ٹینڈر اور ڈیزائن کے مطابق ہو رہا ہے یا اس میں تبدیلی کی گئی ہے۔ نیز اگر تبدیلی کی گئی ہے تو وجوہات بتائی جائے؛

(iv) اس ٹینڈر میں جو Item quality تھی ان کی ریٹ اور تفصیل فراہم کی جائیں۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات ودیہی ترقی): (الف) درست ہے۔

(ب) (i) مذکورہ روڈ کے ایک حصے کے لئے جو کہ 2.775 کلومیٹر بنتا ہے ٹینڈر کیا گیا ہے۔ کل رقم جو اس پورے روڈ کے لئے صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام کے ذریعے ملی ہے۔ وہ مبلغ 13.192 ملین روپے بنتے ہیں۔ یہ رقم مذکورہ روڈ کو دورویہ بنانے کے لئے زمین کی خریداری کے لئے صوبائی حکومت نے دی تھی۔ تاہم بعض مالی دشواریوں کی بناء پر بعد میں صوبائی حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ مذکورہ رقم بجائے زمین کی خریداری کے مذکورہ روڈ کی اس Improvement اور Winding پر خرچ کی جائے۔

(ii) مذکورہ ٹینڈر کی مالیت مبلغ 407 ,68 ,40 روپے ہے جو کہ کنٹریکٹ کے مطابق 25% تک اضافی کام کیا جاسکتا ہے۔

(iii) مذکورہ روڈ پر کام منظور شدہ پی سی ون کے مطابق ہو رہا ہے۔ جس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

(iv) تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئی ہے۔

میاں نثار گل: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر! میں اپنے سوال سے اس لئے مطمئن نہیں ہوں کہ جب وہ سوال اسمبلی میں لاتے ہیں تو علاقے کی نمائندگی ہوتی ہے اور ہمیں پتہ ہوتا کہ وہاں پر کیا غبن ہو رہا ہوتا ہے۔ اس میں ڈیپارٹمنٹ نے لکھا ہوا ہے کہ ایک سو تیس ملین روپے ہمارے پاس ہیں، KDA،

کرک ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے پاس اور ڈھائی کلو میٹر پر یہ لوگ خرچ کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ ٹینڈر ہوا تھا بتیس لاکھ روپے کا اور کنٹریکٹ میں اس کا Validation order تھا 15 پرسنٹ اور انہوں نے یہاں لکھا ہے کہ ہم اس کو 40 لاکھ سے زیادہ پر نہیں کر سکتے۔ میں اس فلور پر ثابت کر سکتا ہوں کہ ڈیپارٹمنٹ 70, 78 لاکھ پر اس کا Validation order کر چکا ہے اور یہ بھی ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے لکھا ہے کہ اس کا کوئی ڈیزائن چینج نہیں ہوا ہے اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو ٹینڈر سے پہلے ڈیزائن تھا، کنٹریکٹر کو Benefit دینے کے لئے یا بارگیننگ کرنے کے لئے، اس کا ڈیزائن Change کر دیا گیا۔ اور یہ سارا پیسہ ستر اسی لاکھ روپے کرک جیسے غریب ضلع کی ڈھائی کلو میٹر پر خرچ ہو رہا ہے۔ یہ سوال میں نے اس لئے اسمبلی میں اٹھایا ہے۔ میں سردار ادریس صاحب سے بھی سوال کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی غلطی نہیں ہو گی، آپ کے ڈیپارٹمنٹ کی اگر کوئی غلطی ہو گی، اگر کوئی معزز رکن اسمبلی یہ یہاں اسمبلی میں لانا چاہتا ہے تو ہم آپ کو ان شاءاللہ ثابت کریں گے کہ یہ چیزیں، یہ چوریاں ہوتی رہتی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترم جناب سردار ادریس صاحب۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! میاں نثار گل صاحب نے ایک کرپشن کی نشاندہی کی ہے۔ جب میں نے خود کرک کے ناظم اور ڈی سی او سے بات کی تو انہوں نے کہا کہ یہ چالیس لاکھ کا ٹھیکہ ہے اور اس کی پی سی ون میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ ابھی سیشن شروع ہونے سے پہلے بھی میری ان سے بات ہوئی ہے، میں معزز رکن کا انتہائی احترام کرتا ہوں اور ان کی بات پر مجھے یقین بھی ہے اور اس ضمن میں میں یہ کہوں گا کہ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کر دیں اور اگر ڈی سی او نے یا متعلقہ ادارے نے یا محکمے میں کسی بھی فرد نے غلط بیانی سے کام لیا ہے یا کہیں کرپشن ہوئی ہے تو کرپشن کے مسئلے میں ہم کوئی Compromise نہیں کریں گے۔ ہم کسی کو Spare نہیں کریں گے۔ آپ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک شو۔ کمیٹی تہ ئے ریفر کڑو۔ دا ستا سو دغہ دے جی۔

میاں نثار گل: میں سردار ادریس صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ Question No. 644, is referred to the Concerned Standing Committee.

سوال نمبر 666 الحاجیہ محترمہ غزالہ حبیب صاحبہ۔ چلی گئی ہیں۔Next، سوال نمبر 706، ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب۔ نشتہ۔ ہو گیا جی اچھا۔ سوال نمبر 726 جناب حبیب الرحمان صاحب۔ نشتہ۔ Absent, it خہ جی۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

666 _ محترمہ الحاجیہ غزالہ حبیب: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 1994 تا 1996 ضلع مانسہرہ میں ویمن ڈویژن اسلام آباد سے سکیمیں منظور ہوئی ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیموں پر کام بھی ہوا ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کون سی سکیمیں منظور ہوئیں اور ان پر کتنا کام ہوا اور کتنا باقی ہے؛

(ii) آیا حکومت باقی ماندہ کام جو ٹھیکیداروں نے کیا ہے اور جس کی رقم بھی سابقہ اے ڈی مانسہرہ کے اکاؤنٹ میں پڑی ہوئی ہیں کی ادائیگی کا کب تک ارادہ رکھتی ہے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئی ہے۔

اس بارے میں کام جاری ہے جوں ہی ضابطہ کی کارروائی مکمل ہوئی تو مزید اقدام کیا جائے گا۔

(تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئی ہیں)

706 _ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 91-1990 اور 92-1991 کے دوران صوبائی حکومت کی طرف سے بجلی فراہمی کی خاطر ممبران صوبائی اسمبلی کے لئے ہر سال آر ای ڈی 10 لاکھ روپے کی رقم جمع کرائی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ تحصیل ادیزئی ضلع دیر (لوئر) میں مذکورہ رقم سے بجلی کے پولز فراہم کئے گئے تھے۔ جو مختلف مقامات پر نصب کئے گئے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے۔ کہ مذکورہ نصب شدہ اکثر پولز پر کنڈکٹرز (تار) موجود نہیں ہیں؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت تحصیل ادیزئی ضلع دیر (لوئر) میں مذکورہ پولز پر کنڈکٹرز (تار) ڈالے اور لوگوں کو بجلی کی سہولت پہنچانے کے لئے اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): ہاں یہ درست ہے کہ سال 92-1991 اور -1992 93 کے دوران ایم پی اے فنڈ سی مختلف دیہات کو بجلی فراہم کرنے کے لئے صوبائی خزانے سے 10 لاکھ روپے جمع کرائے گئے تھے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔ لیکن 91-1990 میں صوبائی فنڈ سے کوئی رقم جمع نہیں کرائی گئی تھی۔

(ب) یہ درست نہیں، اس فنڈ سے تحصیل ادیزئی مین بجلی کے کھمبے فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔

(ج) اس فنڈ سے کھمبے بھی نہیں لگائے گئے تھے۔ اس لئے کوئی بھی کھمبہ بغیر تار نہیں ہے۔

(د) مندرجہ بالا فنڈز سے کوئی بھی کھمبہ تار کے نہیں لگایا گیا ہے۔ اگر معزز ایم پی اے صاحب بتائیں کہ جو کھمبہ 92-1991 اور 93-1992 کے فنڈز سے لائے گئے ہیں، اس جگہ اور گاؤں کی نشاندہی کرائیں تاکہ کارروائی کی جائے۔

726 _ جناب حبیب الرحمان: کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف۔78 بونیر کا علاقہ چغرزئی چار یونین کونسلوں پر مشتمل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ علاقہ بجلی کی نعمت سے محروم ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مالی سال 04-2003 کے ترقیاتی پروگرام میں صوبائی حکومت سے مذکورہ علاقے کے بعض حلقوں میں بجلی کے لئے رقم مختص کی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت علاقہ چغرزئی میں بجلی کی ترسیل کے لئے فنڈز کب تک مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی نہیں۔

(د) اس سلسلے میں خط و کتابت جاری ہے۔

اراکین کی رخصت

Mr. Speaker: Item No. 2, No. 3.

یہ رولنگ نہیں آئے گی کہ کیا یہ رولنگ نہیں آئے گی کہ کیاRepeal ordinanceمیں یا Repeal lawمیںAmendmentہوسکتی ہے یا نہیں؟تب میں آگے بڑھوں گا۔میرٹ پر بات کرنے کے لئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک ظفراعظم صاحب وزیر قانون۔

ملک ظفراعظم (وزیر قانون): جناب سپیکر صاحب! میں سب سے پہلے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ وہ کون سے Constitution کا حوالہ دے رہے ہیں اور کون سے Rule of Business کا، کون سے آرڈیننس کے Through وہ Suggest کرتے ہیں کہ Repeal ordinance میں وہ Amendment نہیں لا سکتے۔ تھوڑا وہQuoteتو کریں۔وہ بتائیں کہ ایسےRepealتوہزاروں ہوچکے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میرا تو خیال تھا کہ عالم اور قابل لاء منسٹر صاحب میری بات سے Agree کرلیں گے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم نے یہ پوائنٹ اس لئے Raise کیا ہے کہ خواہ مخواہ ایک Embarrassment positionپیدا کریں۔ہم چاہتے ہیں کہ اگر گورنمنٹ Legislation کرنی چاہے تو صحیح طریقے سے بھیLegislationکرسکتی ہے۔آپ خو کہتے ہیں کہ آپAmendmentلا رہے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر قانون: سر! پہلے اس کا جواب ہونا چاہیئے کہ وہ کون سے اور کس۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ بتا رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں نا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کو وضاحت کرنے دیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جی، میں کہہ رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالاکبر خان صاحب، Section quoteکرلیں، یہ بتا رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، ایک منٹ جی۔یہ کہتے ہیں۔ Amendment of the section 3 of the N.W.F.P ordinance No. XVI of 2002ٹھیک ہے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ XVI 2002 میں 3 Section میں Amendment لانا چاہتے ہیں۔ جو Extract آپ نے لگایا ہے۔ یہ کون سا ہے سر؟

جناب ڈپٹی سپیکر: کون سا ہے جی؟

جناب عبدالاکبر خان: یہ جو لگایا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Extract of section 3 of the N.W.F.P Provincial urban Development Board (Dissolution) Ordinance, 2002 (N.W.F.P Ordinance No. XVI of 2002).

کی 3 Section میں یہ Amendment لانا چاہتے ہیں۔ یہ ادھر صاف لکھا ہے سر۔

The North West Frontier Province urban Development Board (Dissolution) ordinance, 2002, (Ordinance No. XVI of 2002).

اسی آرڈیننس میں یہ Amendment سیکشن۔ 3 میں لانا چاہتے ہیں اور اسی آرڈیننس کے متعلق یہ خود کہتے ہیں یہ جو Extract ساتھ لگایا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ہاں۔

Mr. Abdul Akbar Khan: "Dissolution and Repeal on the appointed day the Board shall start dissolved, and as a corollary thereof, the ordinance shall stand repealed".

جناب ڈپٹی سپیکر: تو آپ کا مطلب یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ تو Repeal کر دیا۔ XVI کو تو Repeal کر دیا 2002 میں تو Repeal جب کر دیا تو آپ Repeal کی تو یہ تو آپ نہیں۔ ہیں رہے لا میں Section 3 اسی تو Amendment 3 Section میں Amendment لا رہے ہیں۔

وزیر قانون: یہ جو Extract میں دیکھتے ہیں کہ "Dissolution and Repeal on the appointed day the Board shall start dissolved" اس کی جو Appointed ہو گی اس سے Stand dissolve ہو گی جی۔

جناب عبدالاکبر خان: آگے جائیں۔

وزیر قانون: آگے جائیں۔ آگے And as a corollary thereof, the ordinance shall stand repealed اس کو Repeal کیا گیا۔ ابھی Repeal میں، میں ان سے یہی بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ کون سے سکیشن اور کون سے آئین اور کون سے Rule of Business کے تحت آپ یہ قدغن لگا رہے ہیں کہ اس میں Amendment نہیں آسکتی؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! آپ سمجھے، انگریزی کے Repeal کا جو میں معنی سمجھتا ہوں، Repeal کا مطلب ہوتا ہے "ختم" Repeal کا مطلب ہوتا ہے "Dead" legal terminology میں Repeal کا مطلب ہوتا ہے Cease to, haven't affect اب جب ایک لاء مر چکا ہے، ایک لاء میں زندگی نہیں ہے، ایک لاء Operative نہیں ہے، ایک لاء ہے نہیں میدان میں تو اس میں آپ Amendment کیسے لا سکتے ہیں؟ ایک مردہ قانون میں آپ Amendment کیسے کر سکتے ہیں؟ یا تو پہلے اس کو زندہ کریں، اس کو Revival کے لئے لائیں تاکہ وہ زندہ ہو جائے اور جب وہ زندہ ہو جائے تو پھر آپ اس میں Amendment لائیں۔ جب وہ مردہ ہے تو آپ Amendment کیسے لاتے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ جناب ملک ظفر اعظم صاحب، وزیر قانون۔

وزیر قانون: اس کا مطلب تو یہ ہے کہ یہ آرڈیننس بذات خود Repeal ہو چکا ہے، ختم ہو چکا ہے۔ اس کا مطلب تو یہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کا مطلب یہی ہے۔

وزیر قانون: تو جب یہ ختم ہوا تو ختم ہونے میں جو نقائص تھے۔ جو Rule تھے، اس میں اب تک جو اس پر عمل درآمد ہو رہا ہے تو یہ کون سے قانون کے تحت ہو رہا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: وہ تو آپ کا کام ہے۔ میرا کام تو اس سے ہے جی۔ وہ تو حکومت نے، اگر آپ مردہ قانون پر کام کر رہے ہیں تو یہ تو آپ ایک اور غلطی کر رہے ہیں کہ قانون مردہ ہے۔ ختم ہے اور آپ اس پر عمل درآمد کر رہے ہیں تو پھر تو آپ ایک اور غلطی کر رہے ہیں۔ میرا کام تو اس کے ساتھ ہے جناب سپیکر۔

وزیر قانون: جب وہ چل رہا ہے، اس پر عمل درآمد ہو رہا ہے تو میں یہی کہہ رہا ہوں کہ آپ Repeal کو جو آپ Dead تصور کرتے ہیں، اس کو ختم تصور کرتے ہیں۔ اور اس کو دیکھیں کہ اس پر عمل درآمد جو ابھی تک ہو رہا ہے تو وہ کس پر ہو رہا ہے جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! جب آپ خود کہتے ہیں کہ Repeal ہے، تو پھر ختم ہو گیا۔ عمل درآمد کیسے کرتے ہیں جی؟

وزیر قانون: تو Repeal پر، جب ہمارے ایک، دیکھیں جی اگر Repeal, Dead ختم ہو چکا ہے تو پھر کس سیکشن کے تحت اس پر کام ہو رہا تھا اب تک؟

جناب عبدالاکبر خان: یہ تو آپ کا کام ہے جی۔ میرا تو نہیں ہے نا۔

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: شاد محمد خان به جی دا فیصله اوکړی جی۔ محترم جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب سپیکر صاحب! نن ډیر خوند کوی چې په دا چیئر چې ناست یئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: (قہقہہ) بنه جی۔

جناب شاد محمد خان: خو دا ده چې ډیر خشک بحث دوه گهنټونه اوشو۔ د دواړه ممبرانو مغزه را ډډ شو۔ د چائیو وقفه نن پندره منټ مخکښې اوکړئ، دا به ټهیک شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک ده جی۔

The sitting is adjourned for tea break.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفے کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

جناب مشتاق احمد غنی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ مسئلہ ابھی زیر غور ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ Pending مسئلہ ہے،اس کو ختم کریں،اس کے بعد یہ کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کے بعد کر لیں گے جی۔ بنه جی۔ او هغه ستاسو هغه مسئله پاتے ده۔ ستاسو هغه مسئله ده۔

جناب عبدالاکبر خان: جی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی،جناب عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! تھینک یو جی۔جناب سپیکر! څنګه چې ما وختې عرض اوکړو۔ زما په نظر کښې دا Section 3 چې کوم دے ، دا Repeal کوی هغه Ordinance او که تاسو چرے جی Main دغه ته لاړ شئ، هم دغه 2002 دے آرډیننس ته جی نو هغے کښې لیکی جی "Consequent upon repeal of the ordinance, the District Government of the District concerned".

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ سیکشن آپ بتادیں۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ Section 4 ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکشن 4 یہ۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ اس Repeal ordinance کا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا وہ دوسرے کا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں 2002 والا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اور یجنل ہے آپ کے پاس۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا۔

Mr. Abdul Akbar Khan: "Consequent upon repeal of the ordinance, the District Government of the District concerned shall be responsible to deal with the subject matters of the Board so dissolved in accordance with the provision contained in sections 1 and 2 of the North West Frontier Province, Local Government Ordinance, 2001".

جناب سپیکر! بورڈ کے Dissolution کے بعد سارے Assets چلے گئے لوکل گورنمنٹ کو، How the Provincial Government can bring an amendment, when that is part and parcel of the District Government now? اور اس میں سیکشن 182 لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کا ذکر کیا گیا ہے کہ اس کے تحت سارے Assets ادھر چلے گئے۔ تو ان Assets کے متعلق فیصلہ پراونشل گورنمنٹ کیسے کر سکتی ہے کہ وہ Already ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے پاس چلے گئے ہیں؟ جناب سپیکر! دوسرا دیکھیں۔ Provided that the Assets and liability of the Peshawar Development Authority, a local any authority created under section XV of the Repealed Ordinance shall stand transferred to the assets and liability of the Department created under sub-section (3) of section 54 of the North West Frontier Province, Local Government Ordinance" جناب سپیکر! یہ سارے ادھر چلے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ میں چلے گئے۔ اب پراونشل کا جو 6 شیڈول ہے، اس کے تحت پراونشل گورنمنٹ کے پاس یا پراونشل اسمبلی کے پاس یہ پاور نہیں ہیں کہ وہ چیزیں جو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں ہیں ان کے متعلق یہاں پر Amendment کر سکیں۔ ایک، دوسرا میرا پوائنٹ یہ ہے کہ یہ Repealed ہے اور Repealed میں یہ Amendment نہیں لا سکتے۔ آپ کی رولنگ کا انتظار ہے جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک ظفر اعظم صاحب، وزیر قانون۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! بہت ساری گورنمنٹ کی پراپرٹی ایسی ہو گی جو لوکل گورنمنٹ کو منتقل نہیں ہوئی ہو گی۔ پراونشل گورنمنٹ کے متعلق یا Repeal کے متعلق میرے خیال میں عبدالاکبر خان صاحب جو فرما رہے ہیں، میں ان کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ Repeal جو ہے، وہ 1978 پراونشل اربن پلاننگ آرڈیننس ہے جی وہ تو Repeal ہو چکا ہے۔ وہ جو Repealing ہوا ہے اس کی Section 3 اس پر جو Repeal ہوا ہے By NWFP Urban Development Board (Dissolution) Ordinance, 2002 اس کی Repealing میں ہم Amendment لانا چاہتے ہیں جو کہ Dead نہیں ہے اور اس کے متعلق میں نے پہلے بھی کہا اور ان کی سابقہ جو بات تھی کہ Repeal اس کو کون کر سکتا ہے۔ Repealing ordinance میں تو میں کہتا ہوں کہ General Clauses Act میں دیکھ لیں

کہ جو کوئی قانون بنا سکتا ہے وہ اس میں ترمیم بھی کر سکتا ہے بلکہ Repeal جو ہو چکا ہے وہ ہے 1978 والا اور 1976 والے میں ہم چاہتے نہیں ہیں کیونکہ وہ Dead ہو چکا ہے۔ وہ ان کے قول کے مطابق ختم ہو چکا ہے۔ اس کی Replace جو 2002 میں ہوئی ہے اس کی Section 3 میں ہم تھوڑی سی Amendment لانا چاہتے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ عبدالاکبر خان صاحب سمجھ چکے ہوں گے اس بات کو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حکومت کا موقف یہ ہے کہ جو آرڈیننس ہے 1978 کا وہ تو Repeal ہو چکا ہے اور By replaced کا آرڈیننس جو ہے اس پر Replace ہوا ہے۔ تو یہ 2002 میں-----

جناب عبدالاکبر خان: یہ وہ والا Replace ordinance نہیں ہے سر۔ جناب سپیکر! 2002 والا صرف Repeal ordinance ہے۔ یہ Repeal ordinance ہے کہ مطلب یہ ہے کہ وہ Repeal کرتا ہے 1978 کو اس کا اور کوئی کام نہیں ہے۔ This is only for repealing the 1978 Local urban جو اربن ڈیویلپمنٹ آرڈیننس ہے۔ ایک میرے دو پوائنٹس ہیں جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: میں سمجھ گیا ہوں۔

جناب عبدالاکبر خان: ایک۔ جو اس کی Section-2 ہے، جس طرح میں نے کہا جناب سپیکر، کہ ان کے جو سارے، ان کی جو پراپرٹی ہے، اس کے متعلق یہ Amendment لا رہے ہیں۔ اب وہ ساری پراپرٹیز ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو ٹرانسفر ہو چکی ہیں۔ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی Section 182 کے تحت وہ پراپرٹیز جو جو اس وقت تھیں اس آرڈیننس بورڈ کے ساتھ جس میں-----

وزیر قانون: سر! یہ عدالت کا کام ہے، اس کی تشریح عدالت کا کام ہے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدلاکبر خان۔ عبدلاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: مجھے بولنے دیں۔ میرا مقصد جناب سپیکر، یہ ہے کہ یہ جو Replaced ordinance ہے، اس میں بھی یہ ذکر کیا گیا ہے کہ بورڈ کے Dissolution کے بعد یہ پراپرٹی لوکل گورنمنٹ کے پاس ٹرانسفر ہو گئی ہے۔ اب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت اس کا جو طریقہ کار ہے، Amendment کا تو آپ ایک ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی پراپرٹی کو پراونشل اسمبلی میں کیوں لا رہے ہیں؟

ایک ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کا جو حق ہے۔ جو آرڈیننس کے تحت اس کا حق بنتا ہے، جو آپ نے خود اس کو دیا ہے 2002 کے آرڈیننس میں، جو آپ نے اس کو خود حق دیا ہے۔ کہ یہ ساری پراپرٹیز ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو ٹرانسفر ہو چکی ہیں، اب جب وہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو ٹرانسفر ہو چکی ہیں تو اس کے مطابق اسی کا جو طریقہ کار ہے اس پہ عمل درآمد ہوگا۔ اب کیسے پراونشل اسمبلی ایک دوسرے مجاز ادارے کے اس میں ترمیم کر سکتی ہے؟ اس میں ایڈیشن کر سکتی ہے۔ اس میں Deletion کر سکتی ہے؟ جناب سپیکر! میں کہتا ہوں آپ اس پر رولنگ دے دیں مجھے تاکہ میں میں دوسرے جو Merits ہیں اس پر بات کر سکوں۔

جناب امیر زادہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، امیر زادہ خان۔

جناب امیر زادہ: جناب! میں وکیل تو نہیں ہوں لیکن جو Technical litigator میں ایوان کا وقت ضائع ہو رہا ہے۔ میری سمجھ میں جو بات آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ ایک Repealing ordinance ہے۔ جو 1978 کے Ordinance کو Repeal کرتا ہے۔ میرے خیال میں جو اتھارٹی کسی Ordinance کو Repeal کر سکتی ہے۔ وہ Repealing ordinance میں Amendment بھی لا سکتی ہے۔ تو اس میں کوئی قدغن نہیں ہونی چاہیئے۔ جو Repealing ordinance ہے حکومت اس میں Amendment لانا چاہتی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: وہ لائیں جی۔ میں تو کہتا ہوں کہ وہ Repeal ordinance کو ختم کریں، اس کو Revive کریں میں یہی چاہتا ہوں۔

جناب امیر زادہ: نہیں سر یہ Repealing ordinance میں Amendment ہے۔ تو جو Repealing ordinance repeal کرتا ہے جی۔۔۔۔۔

Mrs. Riffat Akbar Swati: Sir, excuse me, I would like to clear here. Repealing ordinance.

جیسے یہ کہتے ہیں کہ اس میں ترمیم ہے۔ سر! اس میں لیگل پوائنٹ یہ ہے کہ ایک دفعہ آرڈیننس کو آپ Repeal کرتے ہیں آپ اس کو Revive کریں۔ بڑا Simple ہے اور اس کے بعد اس میں Amendments لے آئیں۔ As simple as that۔

جناب امیر زادہ: سر! یہ ضروری تو نہیں ہے کتنے۔۔۔۔۔

وزیر قانون: سر! Revive کا کیا مطلب ہے؟

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترم شہزادہ گستاسپ خان صاحب، لیڈر آف دی اپوزیشن۔

قائد حزب اختلاف: اس پہ سر! عبدالاکبر خان نے جو نکتہ اٹھایا ہے۔ اپنی جگہ ان کی جو Assessment ہے وہ اپنی جگہ ٹھیک ہے۔ اب یہ ڈیوٹی ہے گورنمنٹ کی کہ گورنمنٹ اسے Explain کرلے صحیح طریقے سے۔ اپوزیشن کبھی بھی کوئی ایسا سٹینڈ نہیں لے گی جو قانون کے خلاف ہوگا۔ لیکن جو لوگ قانون اسمبلی لاتے ہیں اگر وہ خود ہی اسے نہ سمجھیں اور Explain نہ کر سکیں تو یہ پھر اپوزیشن کا قصور نہیں ہے۔ یہ بات بڑی واضح ہے جو عبدالاکبر خان لائے ہیں اور انہوں نے وضاحت کی ہے، انہوں نے ہمارے دوسرے معزز ممبر سے اتفاق کیا ہے کہ ہم بس یہی چاہتے ہیں کہ وہ اس طرح سے اس چیز کو لائیں۔ تو لاء منسٹر صاحب اس بات کو Explain کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! میں لیڈر آف دی اپوزیشن اور اپنے بہت ہی معزز ساتھی سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے بڑے سادہ الفاظ میں اس کی تشریح کی ہے کہ 1978 کا جو اربن ڈیویلپمنٹ بورڈ کا آرڈیننس تھا، وہ Repeal ہو چکا ہے 2002 By اس کی جو Section-3 ہے اس میں ہم Amendment لانا چاہتے ہیں کیونکہ Repealing کا حق ہمارے پاس ہے اس سے پہلے کہ میں آپ کو یہ بتاؤں یہ قانون لاء ڈیپارٹمنٹ Cabinet کے پاس بھیجتی ہے یہ Cabinet میں Discuss ہوتا ہے۔ Discuss ہونے کے بعد اس کو پھر وہاں بھیجتے ہیں۔ جب ہم نے سیکشن 3 میں محسوس کیا کہ اس میں Amendment ہونی چاہئیے تو سیکشن 3 میں Amendment کے لئے ہم یہ لائے ہیں تو سر میں یہی عرض کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں آپ سے ایک عرض کرتا ہوں جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب! Simple سی بات ہے یہاں جو یہ Amendment لائے ہیں آپ ذرا اس کو دیکھیں یہ جو Amendment لائے ہیں۔

(i) The existing section 3 shall be re-numbered as sub-section (I) of that section, The full-stop appearing at the end of sub-section (I), as so re-numbered, shall be replaced by a colon and thereafter the following proviso shall be inserted, namely:

یہ دیکھیں جی۔

"Provided that where the Board had, before the appointed day, acquired any land but the acquisition proceedings could not be completed the date the Board stood dissolved, government shall be at liberty to.

مطلب یہ ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ جو زمین بورڈ نے Acquire کی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ہاں۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے۔ اسی میں یہ Amendment لا رہے ہیں نا جی، تو اسی Section 2 کے تحت تو وہ Land تو ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے پاس چلی گئی۔ اب اس میں یہ کیسے Amendment لا سکتے ہیں؟ یہ خود کہتے ہیں کہ Section 2 کے تحت ساری Assets and liability ٹرانسفر ہو گئی ہیں، جو پراپرٹی ہے وہ ٹرانسفر ہو گئی ہے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو اب اس میں یہ کیسے Amendment لا سکتے ہیں؟ یہ تو ان میں مداخلت ہے۔

وزیر قانون: سر! میں عبدالاکبر خان صاحب سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ Definition یہ تشریح عدالت دے گی کہ کون سی زمین پراونشل گورنمنٹ کے پاس رہتی ہے اور۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں نہیں۔

وزیر قانون: نہیں سر، وہ بورڈ جو۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ بورڈ کا ذکر کر رہے ہیں۔

وزیر قانون: قانون بنانا ہمارا کام ہے اور تشریح کرنا اس کا کام ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں غلط قانون بنانا ہمارا کام نہیں ہے تو ہم غلط قانون کیوں بنائیں؟

وزیر قانون: نہیں جی، دیکھیں جی یا تو آپ بات کریں کیونکہ Legislationہو رہی ہے۔ Legislation میں جذبات کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔۔۔(قہقہہ)۔۔۔میرا مطلب یہ ہے کہ یہ جو بات کر رہے ہیں تو یہ عدالت کا کام ہم سے کرانا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ عدالت کا کام ہے اور ہم اس میں یہ سوچ رہے ہیں ہماری سوچ یہ ہے کہ یہ جو پراپرٹی گورنمنٹ نے Acquire کی ہوئی ہے جو پراپرٹی گورنمنٹ نے لی ہوئی ہے، کس ٹائم پر لی ہوئی ہے اور کب لی ہوئی ہے اور ابھی اس کو واپس کرنا گورنمنٹ کے Use میں یہ نہیں آتی گورنمنٹ اسے استعمال نہیں کرتی یا اس پر ناجائز قبضے ہو چکے ہیں لوگوں نے بھی کیا ہے تو اس کو۔۔۔۔۔

جناب انور کمال: جناب سپیکر! اگر اجازت ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ انور کمال خان ان کو ذرا۔ جی۔

وزیر قانون: تو اس زمین کو واپس کرنا ناجائز قبضوں سے، پراونشل گورنمنٹ کو نقصان تو ہو رہا ہے اور اس پراپرٹی پر گورنمنٹ نے عوام نے یا کسی نے قبضہ تو کیا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، مقصد تو آپ کا نیک ہے صحیح ہے بالکل، درست ہے۔ آپ پبلک کے مفاد میں کر رہے ہیں۔ لیکن طریقہ کار جو ہے تو۔ جی انور کمال خان، محترم جناب انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! جیسے منسٹر لاء نے فرمایا ہے عبدالاکبر خان نے ایک بڑا Valid pointاٹھایا ہے، آپ اس قانون میں، اس Ordinance میں، اس ایکٹ میں ترمیم کر سکتے ہیں جو کہ Exist کر رہا ہو، جو Ordinance repealedہو چکا ہو، اس Repealing سے مراد یہ ہے کہ It does not existتو As long as it does not exist how can you bring about an amendment in the ordinance.......

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں ان کا موقف یہ ہے کہ اوریجنل آرڈیننس جو 1978 کا ہے، Repealہو چکا ہے۔

جناب انور کمال خان: لیکن اور چیز کی میں نشاندہی کرنا چاہتا ہوں۔ یہ تو ایک بڑا قانونی پوائنٹ ہے اور اس میں Problem بھی بن سکتی ہے۔ غلط Legislation کی طرف ہم جا رہے ہیں اور کل یہ عدالت میں جا کر چیلنج ہو جائے گا تو اس Legislation کا کیا فائدہ ہے؟ ہمارے بعض ممبران کہتے ہیں کہ اسمبلی کا وقت ضائع ہو رہا ہے، وقت ہم ضائع نہیں کر رہے ہیں۔ Basicallyہمارا کام Legislation کرنا ہے، چاہے

ہم اس پر دس دن کیوں نہ لگائیں لیکن ہم حکومت سے یہ استدعا کریں گے کہ غلط Legislation کو نہ ہم Support کر سکتے ہیں اور نہ اصولی طور پر شاید اس کے ساتھ کسی کا اختلاف ہو یا نہ ہو لیکن اگر آپ اس Amendment کو دیکھیں تو ہمیں پھر اس Amendment پر بھی اعتراض ہے اور وہ اعتراض یہ ہے کہ کسی وقت پراونشل گورنمنٹ نے ایک پراپرٹی خریدی ہوئی ہے اور اس Amendment کے تحت آپ وہ پراپرٹی آپ انہیں لوگوں کو واپس کرتے ہیں تو کیا آج آپ مارکیٹ ریٹ پر واپس کریں گے یا انہیں پیسوں پر واپس کریں گے جن پیسوں پر آپ نے خریدی ہوئی ہے۔ وہ آپ نے 10 ہزار روپے مرلہ خریدی ہوگی۔ آپ کہتے ہیں کہ جی ہمیں ضرورت نہیں ہے آج اگر دوبارہ آپ وہ زمین خریدیں گے تو ایک لاکھ روپے مرلہ میں بھی وہ زمین آپ کو نہیں ملے گی۔ اور ہم یہ دیکھ رہے ہیں جناب والا، کہ اس میں وہ زمین سامنے آئیں گی جیسا کہ رنگ روڈ ادھورا رہ چکا ہے، آپ کا Phase 7 جو کہ ادھورا رہ چکا ہے آپ کی ریگی للمہ کی سکیم ادھوری رہ چکی ہے۔ تو اس ترمیم کے ساتھ آپ کیا وہ تمام زمین جو کہ ابھی فیڈرل گورنمنٹ نے Announce کی ہے اور آپ پراونشل گورنمنٹ کا بھی یہ خیال ہے کہ ہم افغانستان کے ساتھ ایک روڈ کو ملانا چاہتے ہیں تو آپ کو اس رنگ روڈ کو Extend کرنا ہوگا اور آپ اسے افغانستان تک یا طورخم تک لے کر جائیں گے تو آپ زمین کہاں سے خریدیں گے یہ جس قیمت پر آپ نے دس سال پہلے اونے پونے داموں جو زمین خریدی تھی آج دس سال کے بعد جب آپ دوبارہ اس کے لئے زمین خریدیں گے تو آپ کو دس گنا پیسے اور بھرنے ہونگے اس زمین کے لئے تو اس Amendment پر بھی ہمارا اعتراض ہے کہ جو زمین آپ کے پاس Already موجود ہے، تو آپ دوبارہ کیوں اس کو مالکان کو واپس کرتے ہیں؟ یہ جس مقصد کے لئے لی گئی ہے آپ اس مقصد کو ختم کر دیں گے اور باقی اس چیز کو جی آپ ایک لیگل کمیٹی کے حوالے کریں وہ Thrash out کرلے گی۔ اور اس میں کوئی قباحت بھی نہیں ہے ورنہ غلط Legislation کا ایک طریقہ بن جائے گا اور۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی محترم ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: انور کمال صاحب، پھر وہی وضاحت کرنی پڑتی ہے کہ جو Ordinance repeal ہو چکا ہے، وہ 1978 کا ہے، وہ تو ختم ہے اس میں ہم نے کیا کام کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا ہے۔ اس کے متعلق تو نہیں، جو Repealing section ہے، سیکشن 3 جس نے 1978 کو Repeal کیا ہوا ہے۔

جناب انور کمال خان: گورنمنٹ کس چیز میں لانا چاہتی ہے؟ وہ چیز ہمیں دکھادیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: گورنمنٹ 2002 میں لانا چاہ رہی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: وہ کیسے لا سکتے ہیں؟

جناب انور کمال خان: گورنمنٹ 2002 میں کیسے لاسکتی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: اس میں ایک Repeal کا ذکر ہے اور ایک Board کا ذکر ہے یہ تو 1978 کا Original ہے یہ اس میں لارہے ہیں۔۔۔۔۔

جناب انور کمال: آپ اس میں کیسے لا سکتے ہیں؟۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب انور کمال صاحب! آپ ان کو ذرا وضاحت کرنے دیں، ان کو۔

جناب انور کمال: آپ ایک Ordinance کی معیاد دیکھ لیں جی کہ آپ کے Ordinance کی کیا عمر ہوتی ہے؟

وزیر قانون: سر وہ تھا 1978 Urban Planning Ordinance وہ Repeal ہو چکا ہے By repealing N.W.F.P, 2002.

Mr. Deputy Speaker: 2002.

وزیر قانون: جی، Not repair, Repealed. I am sorry.

جناب ڈپٹی سپیکر: Substitute کریں۔

Minister for Law and Parliamentary Affairs: It was repealed by 2002.

اس نے 2002 کو Repeal کیا ہے۔ 1978 کو اور 1978 پر ہم بات نہیں کرنا چاہتے۔ ہم 2002 اور 2002 میں Section 3 میں Amendment کرنا چاہتے ہیں، باقی رہا ان کا دوسرا پوائنٹ کہ ہم نے 1972 میں ایک زمین لی ہے 500 روپے کی، جس طرح بقول انور کمال ان کے، 40 روپے ہم نے ایک مرلہ لی ہے اور آج 2002 میں وہ زمین 40 کی بجائے 140 روپے فی مرلہ ہے۔ لیکن گورنمنٹ میں

ہمارے عبدالا کبر خان اور شیر پاؤ خان کی حکومت میں جب ہم تھے تو اس وقت ان کو بھی یاد ہو گا اور مجھے بھی یاد ہے کہ جب ہم GTS کی پراپرٹی کو Auction کرنا چاہتے تھے For public use اس کا مالک جو تھا، وہ اٹھ کر Court چلا گیا، رٹ پہ۔ اس نے کہا کہ میں نے جس Purpose کے لئے یہ چیز دی ہوئی تھی کہ اس میں پبلک اور رفاع عامہ کا کام ہو گا اس سے ہٹ کر جب یہ زمین فروخت کی جائے گی تو یہ حق میرا ہے کہ مجھے اتنی ہی قیمت پر واپس دی جائے جو قیمت مجھے دی گئی تھی۔ حالانکہ اس سے بچنے کے لئے اور اس وجہ سے کہ ایسے حالات پیدا نہ ہوں ہم نے یہ Amendment لا رہے ہیں۔۔۔۔۔

جناب انور کمال خان: آپ نے جو پراپرٹی خرید لی ہے، تو دس سال کے بعد۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ ان کو ذرا وضاحت کرنے دیں۔ انور کمال خان۔

وزیر قانون: مجھے صحیح طریقے سے یاد نہیں ہے، شاید میں ابھی نہ بتا سکوں۔ لیکن ایبٹ آباد اور ہزارہ ڈسٹرکٹس میں کوئی ایسا کیس آیا ہوا ہے۔ آپ کے علم میں شاید ہو۔ تو اس میں بھی پرانے مالک نے دعویداری کی ہے کہ میں نے جس Purpose کے لئے زمین دی ہے۔ ٹھیک ہے میں نے Road کے لئے دی ہے اور Road کے لئے استعمال نہیں ہوئی۔ تو کوئی قدغن نہیں ہے کہ اس پر سکول نہ بنایا جائے لیکن رفاع عامہ کے لئے اگر وہ زمین گورنمنٹ کے Proper use میں نہ آتی ہو، رفاع عامہ کے کام میں نہ آتا ہو۔ تو اس کو پھر نیلام کرنا میرے خیال میں اس کی حق تلفی بھی ہو گی اس Previous مالک کے لئے جس مالک نے جس Purpose کے لئے دی تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Land Acquisition Act سے متعلق بات ہے۔ یہ تو ایک الگ معاملہ ہے ان کا۔

جناب عبدالا کبر خان: دیکھیں جی۔ منسٹر صاحب نے بہت اہم بات کی ہے۔ انور کمال نے بھی بہت اہم بات کی ہے۔ جناب سپیکر! Acquisition Act کا ایک Procedure ہے۔۔۔(مداخلت)۔۔۔ نہیں سر، اس میں آپ دیکھیں Section 10 and section 5 جب نوٹس ملتے ہیں پارٹی کو، تو Determination اس کی Price کی Government کرتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: گورنمنٹ Assessment کرتی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جی Assessment کرتی ہے، Determination گورنمنٹ کرتی ہے۔ اب گورنمنٹ خود Determinate کرتی ہے کہ زمین کی قیمت 10 روپے، مالک کو اس کے حساب سے پیسے ملتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پھر Compensation۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں جی۔ مالک اگر لیتا ہے تو پھر ٹھیک ہے ورنہ As a protest اس کے پاس چلے جاتے ہیں۔ جناب سپیکر! اس میں آپ خود دیکھیں "Provided that where the Board had before the appointed day, acquired any land" آپ ذرا دیکھیں جی الفاظ کو "But the acquisition proceedings could not be completed" چلیں ہم ایک حد تک مان لیتے ہیں کہ Acquisition proceedings complete نہیں ہوتی ہے ابھی تک پتہ نہیں کہ اس زمین کی قیمت کتنی ہے۔ اور کیا طریقہ کار ہے لیکن آپ ذرا یہ (b) (i) دیکھیں۔

(b) Restore the land to its shower where the possession of the land has been obtained.

یعنی وہ زمین جو حکومت نے لی ہے۔ Meaning by the acquisition proceedings has been completed. اس کے بعد تو زمین لی جاتی ہے۔ جناب سپیکر! جب تک The acquisition proceedings completed نہ ہو، اس وقت تک تو زمین نہیں لی جا سکتی۔ لیکن آپ ذرا (i) میں دیکھیں کہ Before the appointed day, acquired any land, but the acquisition proceedings could not be completed".

یعنی اس میں یہ ہے کہ جب Acquisition proceedings complete نہ ہو، یہاں پر جب Obtain کرتا ہے زمین اور اس مالک کو واپس کرتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ Completed ہے تو جناب سپیکر! یہ Contradiction ہے اس Bill میں اس لئے میں یہ Resolution لایا ہوں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ اس میں میرے ساتھ Agree کریں گے۔

Mr. Deputy Speaker: Let me to examine all the relevant laws and ordinances, I, therefore reserve my ruling. Next,

جی مشتاق احمد غنی صاحب جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! میں رول 240 کے تحت رول 124 میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رول 241 کے تحت؟

جناب مشتاق احمد غنی: رول 240۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رول 240۔

جناب مشتاق احمد غنی: جی، Suspension of rules کے تحت رول 124۔ Notice of Resolution.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: اس میں میں Amendment تجویز کرتا ہوں۔ میں اور مرید کاظم صاحب ایک Joint Resolution پیش کرنا چاہتے ہیں کہ ایسے وقت میں کہ ملک کے اندر سارک سربراہ کانفرنس ہو رہی ہے اور ملک میں بدترین قسم کی دہشت گردی ہو رہی ہے تو اس کے بارے میں ہم اپنے خیالات کا اظہار اور بحث کرنا چاہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! میری مشتاق غنی صاحب سے بڑی عاجزی کے ساتھ منت اور گزارش ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: گزارش ہے۔

وزیر قانون: کہ چونکہ اپوزیشن لیڈر یہاں پر موجود ہیں اگر وہ کوئی قرارداد یا Rule suspension کے لئے کچھ کرنا چاہتے ہیں اگر ان کے ذریعے ہو جائے تو اس میں اچھائی ہو گی۔

قاضی محمد اسد خان: سر! اس میں رولز کی کوئی پابندی تو نہیں ہے، پارلیمنٹری لیڈر اگر ایک چیز لانا چاہتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شہزادہ گستاسپ صاحب! پھر آپ کو موقع دیں گے جی۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: میں مشکور ہوں جناب وزیر قانون صاحب کا کہ وہ ہمارا اتنا احترام کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ماشاءاللہ۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: میں چونکہ لیڈر آف اپوزیشن ہوں۔

I represent the whole apposition and I can authorize any member from the opposition side to move this.

(Applause)

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب مرید کاظم صاحب! آپ کچھ فرما رہے تھے۔

سید مرید کاظم شاہ: میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہر ممبر کو یہ اختیار ہے کہ وہ رولز کے تحت Motion move کر سکتا ہے۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جی۔ Any member. Is it the desire of the House that rules may be suspended?

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Rules suspension کے لئے پہلے Move تو کر لیں نا، جی۔ مائیک آن کر لیں۔ محترمہ نسرین خٹک صاحب کا موبائل ضبط کیا جاتا ہے۔

محترمہ نسرین خٹک: یہ میرا موبائل نہیں ہے، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔ یہ کس کے پاس ہے؟

محترمہ نسرین خٹک: یہ کسی اور کا ہے، آپ خواہ مخواہ، سر، یہ میرا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پھر میں فراخدلی سے کام لیتا ہوں اور ضبط کرنا نہیں چاہتا۔

محترمہ نسرین خٹک: سر! میں نے سیکھ لیا ہے اس کو Silent کرنا۔ ایک زمانے میں سیکھا نہیں تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چلیں میں اپنا آرڈر واپس لیتا ہوں۔

(قہقہے)

محترمہ نسرین خٹک: یہ آپ کا بڑا پن ہے جی۔ Thank you very much۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، مشتاق احمد غنی صاحب۔

Mr. Mushtaq Ahmad Ghani: Sir under rule 240, Notice of resolution of prevail member, who wishes to move a resolution shall give fifteen days notice of his intention to do so,

(Interruption)

Mr. Deputy Speaker: No, No.

جناب مشتاق احمد غنی: میں اس کے ساتھ Amendment کی آپ سے اجازت مانگتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ رول 240 کے تحت۔

جناب مشتاق احمد غنی: جی رول 240 کے تحت۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں، Any member

جناب مشتاق احمد غنی: رول 240 کے اندر۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that rules may be suspended and permission may be given?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Permission is granted.

Mr. Mushtaq Ahmad Ghani: Thank you very much sir.

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ قرارداد آپ نے مرتب کی ہوئی ہے، لکھی ہوئی ہے؟

جناب مشتاق احمد غنی: جی جی۔ میں نے لکھی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا جی، پیش کریں۔

قرارداد مذمت

جناب مشتاق احمد غنی: "یہ اسمبلی صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف پر قاتلانہ حملے کو دہشت گردی کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے اس کی پرزور مزمت کرتی ہے اور اس نوعیت کی ہر قسم کی دہشت گردی خواہ وہ کسی خاص آدمی یا عام آدمی کے ساتھ ہو اس کی بھی پرزور مذمت کرتی ہے۔"

جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ یہ دہشت گردی ایک ایسے وقت میں پاکستان کے دشمنوں نے کی ہے جبکہ ملک میں سارک سربراہ کانفرنس کا انعقاد ہونے والا ہے اور بڑے بڑے سربراہان نے آنا ہے جس سے امن کے نئے راستے تلاش ہوں گے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ کچھ ایسے لوگ پاکستان میں دہشت گردی کرنے میں ملوث ہیں جو کبھی فرقہ وارانہ، لسانی اور کبھی تعصت کی آڑ میں کبھی امام بارگاہوں کو نشانہ بناتے ہیں اور کبھی مساجد کو نشانہ بناتے ہیں اور وہ لوگ شاید یہ نہیں چاہتے کہ اس ملک میں استکام ہو، اس ملک میں ترقی کے راستے کھلیں، اس ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ ہو، اس ملک سے لاقانونیت کا خاتمہ ہو، ہر قسم کی دہشت گردی کی بیخ کنی ہو اور اس ملک میں آج کل جو ترقی ہوئی ہے، اس کو نقصان پہنچانے کے

لئے،اور پاکستان کا Image پوری دنیا کے اندر خراب کرنے کے لئے اس قسم کی کارروائیاں ملک کے اندر وقتاً فوقتاً ہوتی ہیں۔ہم یہ کہتے ہیں کہ کوئی بھی پاکستان کا شہری چاہے وہ کوئی امیر ہے یا غریب ہے، کوئی سیاسی لیڈر ہے یا کسی جماعت کا سربراہ ہے یا حکومتی سربراہ ہے، پارلیمنٹ یا اسمبلی کا ممبر ہے، ہر ایک کے بارے میں اگر کوئی سیاسی اشخاص یا گروہ یا گروپ،اندرونی یا بیرونی عناصر اس قسم کی دہشت گردی کریں تو ہم اس کی پرزور مزمت کرتے ہیں اور حکومت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ایسے عناصر کی سرکوبی کے لئے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے اوران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔تھینک یو۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترم مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب! ہم دونوں نے یہ قرارداد Jointly پیش کی ہے۔"یہ اسمبلی صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف پر قاتلانہ حملے کو دہشت گردی کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے اس کی پرزور مذمت کرتی ہے اور اس نوعیت کی ہر قسم کی دہشت گردی خواہ وہ کسی خاص آدمی یا عام آدمی کے ساتھ ہو،اس کی بھی پرزور مذمت کرتی ہے۔"

جناب سپیکر صاحب! اس وقت ملک جس دہانے پر کھڑا ہے اور جو حالات ہیں، یہ ایک اہم مسئلہ ہے جی کہ ہمارے ملک کے جو دشمن ہیں جو باہر کی ایجنسیاں ہیں، وہ یہ تمام کام کررہے ہیں۔یہ دہشت گردی ہو رہی ہے۔میں مشکور ہوں سینٹ کے پورے ایوان کا کہ انہوں نے ایک Call پر پوری جماعتوں نے اس کی پرزور مذمت کی ہے۔ہر جماعت نے اس کی مذمت کی ہے اور میں اس اسمبلی سے بھی یہ ریکویسٹ کروں گا کہ ہم یہاں پر متفقہ طور پر ایسی دہشتگردی جو ملک کے خلاف ہو، جو ملک کے استحکام کے خلاف ہو اور سازش ہو،اس کی مذمت کریں۔جناب والا! پریذیڈنٹ مشرف، میں مانتا ہوں کہ چند ہماری جماعتیں ان کے Against ہیں لیکن یہ پاکستان کی ایک علامت ہیں۔یہ ملک کے ساتھ دشمنی ہے۔پریذیڈنٹ مشرف یہ نہ سمجھیں کہ یہ پریذیڈنٹ کے خلاف دہشت گردی ہو رہی ہے، یہ پاکستان کے ہر شہری اور بچے کے خلاف ہو رہی ہے تو اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، یہ بہت اہم ہے کیونکہ یہ جو ایجنسیاں ہیں،ان کی وجہ سے یہاں علماء پر حملے ہو رہے ہیں۔ اس کی جتنی زیادہ مذمت کی جائے وہ کم ہے۔

سر۔۔۔(تالیاں)۔۔۔کیونکہ اس ملک میں آپ نے دیکھا ہے کہ نہ علماء اس سے بچے ہیں، نہ سیاستدان بچے ہیں کیونکہ دہشت گردی پورے ورلڈ میں ہو رہی ہے لیکن پاکستان ان کے ٹارگٹ میں ہے جی۔ تو ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور اس اسمبلی سے یہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ وہ اس سیاسی دہشت گردی کی پرزور مذمت کرے اور اتفاق رائے سے اسے پاس کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترم ظفر اعظم صاحب، وزیر قانون۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! بڑی مہربانی۔ ہم ایم ایم اے کے لوگ یقیناً خواہ وہ ممبران اسمبلی ہوں یا عوام ہوں، جتنے بھی لوگ ہیں، پاکستان میں کسی قسم کی دہشت گردی کے قائل نہیں، ہم ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں لیکن جناب، یہاں پر دہشت گردی کا زیادہ ہونا، کہ وہ مملکت خداداد کے صدر محترم کے گریبان تک پہنچ چکے ہیں تو اس کی کچھ وجوہات ہیں جن کا تدارک پہلے سے نہیں کیا گیا۔ میں آپ کو مثال پیش کر سکتا ہوں جی کہ اس سے چند روز پہلے گولڑہ شریف کے موڑ پر ایک عالم دین جس کے متعلق پرسوں بھی مولانا شاہ احمد نورانی صاحب کی وفات پر ہمارے ایک بزرگ ساتھی نے یہی فرمایا تھا کہ ایک عالم دین کی فوتگی سارے عالم کی موت ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: موت ہے جی۔

وزیر قانون: تو اسی گولڑہ شریف کے موڑ پر اس کو بیدردی سے قتل اور شہید کیا گیا اور اس کے متعلق میں نے پہلے ہی دن جبکہ ہمارے وزیر داخلہ صاحب نے کہا تھا کہ دہشت گرد پشاور سے آئے تھے تو اپنے صوبے کا نام سن کر میں نے اسی دن اس کی بھی مذمت کی تھی کہ آپ کو چند منٹ پہلے تو اس واقعے کا علم تک بھی نہ تھا اور چند منٹ کے بعد آپ کو یہ بھی پتہ چل گیا کہ دہشت گرد فرانٹیئر سے آئے تھے۔ تو میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ایسی ہزاروں مثالیں ہیں کہ وہ آپ کو پیش کر سکتے ہیں ہماری جو محفوظ ترین جگہ تھی بلکہ یہاں پر بھی میں یہ ایمانا کہتا ہوں کہ آپ دنیا میں جہاں بھی پھرتے رہتے ہیں، جو ڈپلومیٹ اسلام آباد میں رہ چکا ہے، آپ باہر کی دنیا میں اس کے ساتھ ملیں تو وہ دہلی، ابوظہبی، سعودی عریبیہ، کسی ملک کے ساتھ اتنی Love اور محبت نہیں رکھتا جتنی کہ اس کی اسلام آباد کو موجود Regime میں جس طرح خون میں نہلایا جا رہا ہے۔ ہم تو اس کی بھی مذمت کرتے ہیں۔۔۔(تالیاں)۔۔۔اور ہم سمجھتے ہیں کہ کم از کم اسلام آباد، اور

پاکستان کو، اور میں مشتاق غنی صاحب اور مرید کاظم صاحب کے ساتھ مکمل متفق ہوں اور میں ان کی وساطت سے یہ آفران کی حکومت کو کرتاہوں کہ اگران کو فرانٹیئر گورنمنٹ سے انسداد دہشت گردی میں کسی قسم کی مدد کی ضرورت ہو تو انشاءاللہ تعالیٰ فرانٹیئر گورنمنٹ اس میں مکمل حمایت کرے گی۔ Thank you sir۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, MPA, and Syed Mureed Kazim Shah, MPA, may be adopted. Those who are favour of it may say "Yes" and those who are against it may say "No".

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

(Applause)

جناب مشتاق غنی: میں چیئر کی وساطت سے پورے ایوان کا اور خاص طور سے اپنے ایم پی اے کے ساتھیوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس انتہائی حساس معاملے کو سپورٹ کیا اور ریزولیوشن کو Unanimously پاس کیا اور اپنی جماعت اور اپوزیشن کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی مرید کاظم۔

جناب مشتاق احمد غنی: یہ سب شامل ہیں۔

مولانا مجاہد خان الحسینی: سب کا شکریہ۔

سید مرید کاظم شاہ: میں اپنی طرف سے تمام اسمبلی کے ممبران کا مشکور ہوں اور تمام پارٹیوں کا بھی کہ انہوں نے اس ملک کی ایک اہم شخصیت کی جو بات ہوئی ہے، اس کی انہوں نے مذمت کی ہے۔ میں ان کا شکریہ ادا کرتاہوں۔

وزیر قانون: ہمارے لئے سب اہم شخصیت ہیں اور ہم سب دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترم جناب مولانا محمد مجاہد الحسینی صاحب!

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: میں سارے ایوان سے درخواست کرتاہوں کہ مشرف صرف محترم نہیں بلکہ ہمارے سارے پاکستانی محترم ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بے شک۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: The sitting is adjourned till 10:00 am tomorrow morning, In Sha Allah.

(اجلاس بروز بدھ مورخہ 17 دسمبر 2003ء صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)